لَاتُشْرِكْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ

البلاغ المبین

فی احکام ربّ العلمین و اتّباع خاتم النّبیّین

تصنیف حکیم الامّت شاہ ولیّ اللہ محدّث دہلویؒ

۱۱۱۴ تا ۱۱۵۶ہجری

ترجمہ مولانا محمد علی مظفریؒ

قرآن آسان تحریک (رجسٹرڈ) فون: 7242265-6 • 7324904

برائے رابطہ نیا پتہ: 50۔لوئر مال نزد ایم۔اے۔او۔کالج لاہور۔

E-mail: qat@lc

نام کتاب	البلاغ المبین 8/630
تصنیف	شاہ ولی اللہ رحمتہ اللہ علیہ
ترجمہ	مولانا محمد علی مظفری
مطبع	قومی پریس- لاہور
تعداد	10000
ایڈیشن	ششم - دسمبر 2002ء
ناشر	قرآن آسان تحریک (رجسٹرڈ)
قیمت	630

قرآن آسان تحریک رجسٹرڈ: 13-A/II، ایجوکیشن ٹاؤن وحدت روڈ، لاہور۔18
فون 5432357-5412288 فیکس 92-42-5419555

بابِ ذکرِ مشائخ

مشائخ کا فعل حجت نہیں

شیخ نصیر الدین محمود قدس سرہ

شیخ الاسلام نصیر الدین محمود قدس سرہ جو چراغ دہلی کے نام سے مشہور ہیں، سلطان المشائخ نظام الدین اولیا کے خلیفہ تھے۔ آپ نے فرمایا ہے کہ مشائخ کا کوئی فعل حجت نہیں۔ بعض لوگوں نے آپ کے اس قول پر اعتراض کیا تو حضرت سلطان المشائخ حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ نے اعتراض کرنے والوں سے کہا کہ محمود صحیح کہتا ہے۔

شہاب الدین عمر سہروردی رحمۃ اللہ علیہ

سیر المشائخ میں لکھا ہے کہ ایک دن شیخ الشیوخ شہاب الدین عمر سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نماز کے لئے اپنی نشست گاہ سے باہر تشریف لائے۔ آپ کے مرید وضو کر رہے تھے۔ جب آپ کو دیکھا تو وضو چھوڑ دیا۔ لیکن ایک مرید وضو کرتا رہا اور فراغت پاکر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور سلام عرض کیا۔ حضرت شیخ نے اس کی یہ ادا پسند کی اور اس سے کہا "بھائی تو نے اچھا کیا کہ خدا کی تعظیم کو مخلوق کی تعظیم پر مقدم رکھا۔"